لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۴ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ صفر ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۴ اگست ۱۹۲۵ء | جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری اسکیم محکمہ پولیس مضافات و شہر	۱و۲
۲	تنزل محمد شاہ خاں سب انسپکٹر پولیس	۵
۳	رخصت خضر حسین اہلمد محافظ خانہ صدر	"
۴	تجویز بہ نسبت دیال ہیڈ کانسٹبل پولیس	"
۵	رخصت مجن لال اہلمد فوجداری	۵و۶
۶	رخصت نارائن اہلمد تعمیرات	۶
۷	اعلان کتب جدید الطبع	"
۸	نقشہ بارش و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳ صفر ۱۳۴۴ھ مطابق ۲۴ اگست ۱۹۲۵ء

اسکیم منظور ہے۔ سال آیندہ کے بجٹ میں چھ ہزار دو سو چونسٹھ روپیہ بڑھا کر رکھے جائیں۔ اور شروع سال سے عملدرآمد کیا جائے۔ کاغذات صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ (انگریزی)

اعلحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض — پیر سائد

جناب عالی

مدرسہ عالیہ و ہائی اسکول کے علاوہ جو مدارس مفصلات و شہر ہین انکی حالت بھی بہت اصلاح طلب ہے جسکے لئے ایک مفصل اسکیم مرتب کرکے بہ امید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہی۔

دولت و اقبال جاوید باد

نوٹ

مدارس مفصلات - مدارس اُردو شہر - اور مڈل اسکول اردو کا بجٹ سالانہ ... ہی - ایک معقول رقم ان مدارس پر صرف ہوتی ہی لیکن مدارس کی حالت نہایت خراب ہی - اکثر مدارس مفصلات مین تعداد طلبا بہت کم ہی اور مدرسین کی ناقابلیتی اور عدم حاضری مدرسین کی شکایتین آتی رہتی ہین - اسکے وجوہ پر غور کیا گیا تو واضح ہوا کہ بڑی وجہ اس خرابی کی یہ ہی کہ مدرسین کی تنخواہین بہت کم ہین اکثر مدرسین ... سے ... تک تنخواہ پاتے ہین اور اس سے زائد تنخواہ پانے والے بہت تھوڑے ہین - بمقابلہ اسکے اسی قسم کے علاقہ انگریزی کے مدارس مین مدرسین کی ابتدائی تنخواہ ... ہی اور پھر ترقی کا اسکیل بھی ہی - اسوجہ سے لائق مدرسین ریاست کے مدارس کیلئے دستیاب نہین ہوتے - اور جو معمولی لکھے پڑھے مدرس بنادیے جاتے ہین اول تو انہین لیاقت تعلیم نہین ہوتی دوسرے بوجہ کمی تنخواہ بسراوقات کے لئے دوسرے سلسلے طلب معیشت کے شروع کردیتے ہین اور معلم کی عدم مستعدی کی حالت مین اُس سے بازپرس مشکل ہوتی ہی نتیجہ یہ ہی کہ مدارس اور طلبا مین کمی ہوتی جاتی ہی جس سے بدنامی ریاست کا اندیشہ ہی کیونکہ ترقی تعلیم کا یہ زمانہ ہی اور بجائے ترقی کے اگر تنزل کی یہی صورت رہی تو انتظام ریاست پر سخت نکتہ چینی کا موقع ہوگا - تنزل کی یہ ادنے مثال ہی کہ انگریزی کے ہر ہر ضلع مین چند چند اُردو مڈل اسکول ہین اور ہر مڈل اسکول مین ایک ٹریننگ کلاس ہی جس مین ورنیکلر مدارس کی تعلیم کے طریقے سکھائے جاتے ہین اُسکے مقابل ریاست مین صرف ایک ہی مڈل اسکول شہر مین ہی اور وہ بھی اس حالت مین ہی کہ فائنل امتحان مین جہان ہر ہر ضلع سے بیسیوں طالبعلم شریک ہوتے ہین وہان کل ریاست سے صرف دو تین طالبعلم جاتے ہین -

ایک وجہ یہ ہی کہ مدارس مفصلات کا کورس نہایت ناقص ہی - اسمین فارسی اسقدر ہی کہ اُسکے پڑھانیکے لئے فارسی کی پوری لیاقت کا معلم چاہئے اور ریاضی و مساحت وغیرہ بھی اسقدر ہی کہ اُسکے لئے اپر پرائمری یا مڈل پاس معلم کی ضرورت ہی اور دونون کا جامع مدرس دستیاب ہونا دشوار ہوتا ہی -

علاوہ اسکے بجائے اسکے کہ انگریزی کے دیہاتی معمولی مدارس کے لئے پختہ عمارتین بنی ہوئی ہین اور اُنکے ساتھ چمن ہین - یہان اکثر مدارس کے لئے مکان ہی نہین ہین - اور شہر کے مدارس کے لئے تو ایک بھی مکان نہین ہی کرایہ کے مکانات مین مدارس ہین جو وقتاً فوقتاً تبدیل ہوتے رہتے ہین فرش و فرنیچر کی یہ حالت ہی کہ بیٹھنے کو چٹائی بھی سرکار سے نہین ملتی -

اُردو مڈل اسکول کی یہ حالت ہی کہ چند سال سے نتائج فائنل امتحان نہایت ناقص ہوتے ہین مثلاً سنہ ۱۹۲۴ء مین صرف تین طلبا شریک ہوئے اور اُن مین سے ایک پاس ہوا - اور سال حال سنہ ۱۹۲۵ء مین دو ہی شریک ہوئے اور دونون فیل ہوئے - اگرچہ اِن خراب نتائج کی ذمہ داری ہیڈ ماسٹر پر بھی ہے جسکا بالفعل ایک مناسب انتظام کردیا گیا ہی اور بعد تجربہ اگر یہ انتظام بھی مفید ثابت نہ ہوا تو اور کوئی صورت اختیار کیجائیگی - لیکن ایک اہم وجہ یہ بھی ہی کہ علاوہ اُردو کے دوسری اختیاری زبان ہندی یا انگریزی مڈل اُردو کے کورس مین ہی - اور اس شہر کے طلبا کو ہندی کی جانب رغبت کم ہی اسوجہ سے وہ ہندی پر محنت نہین کرتے اور اکثر طلبا ہندی مین فیل ہوجاتے ہین اور انگریزی پڑھائی کا کوئی انتظام نہین ہی -

ان نقائص کو رفع کرنیکی صورت یہ کہ -

(۱) مدرسین کی تنخواہون مین کچھ اضافہ کیا جائے اور اُنکی ترقی کا ایک اسکیل بنادیا جائے - تاکہ ترقی کی اُمید پر استقلال اور محنت سے وہ کام کرین - اور پھر قصور پر اُنسے بازپرس بھی ہوسکے -

(۲) مدارس مفصلات کا کورس سررشتہ تعلیم الٰہ آباد کے کورس کے مطابق کردیا جائے تاکہ انگریزی مدارس کے تعلیم یافتہ مدرسین بآسانی ان مدارس مین تعلیم دے سکین -

(۳) مدارس شہر مین یہ اضافہ کیا جائے کہ منجملہ دس مدارس کے ایک ایک انگریزی کا مدرس چار مدارس مین مقرر کیا جائے تاکہ ان مدارس سے اسکے

چند چھوٹے درجات انگریزی پڑھکر ہائی اسکول کے بڑے درجون مین شامل ہوسکین ۔ اور چہ مدارس مین کورس ایسا مقرر کیا جاے کہ ان مدرسونکی تعلیم کے بعد لڑکے مدرسہ عالیہ مین امتحان منشی الہ آباد کے درجہ مین شریک ہوسکین ۔ اور شہر کے ان مدارس کے لڑکون کو ترغیب کے لئے کچھ وظائف دیے جائین ۔ نیز معمولی فرش و فرنیچر کا انتظام کیا جائے ۔

(۴) اُردو مڈل اسکول مین ایک انگریزی معلم تعلیم زبان انگریزی کے لئے مقرر کیا جائے ۔ تاکہ اُردو مڈل اسکول کی تعلیم کا یہ نقص رفع ہوجائے اور جو طالبعلم ہندی کو پسند کرتے ہین وہ زبان انگریزی حاصل کرکے شریک امتحان ہوسکین اور ایک ٹرننگ کلاس کھولا جائے تاکہ نارمل پاس معلم مدارس مفصلات ریاست کے لئے دستیاب ہونے لگین ۔

ان کل اصلاحات کیوجہ سے آیندہ بجٹ مین صرف [illegible] سالانہ کی بیشی ہوگی ۔ یہ بیشی اسوجہ سے کچھ اہمیت نہین رکھتی کہ اس بیشی سے موجودہ رقم صرف [illegible] بھی مفید طور پر صرف ہوگی ورنہ اسقدر کثیر رقم محض فضول صرف ہورہی ہے ۔ اس اسکیم کے متعلق مفصل نقشہ جات منسلک ہذا ہین ۔ اور اس تجویز کی منظوری کے بعد مدرسون کے کورس وغیرہ مین ترمیم و تبدیل کردیجائیگی ۔

کل زیادتی تجویز جدید مین

نقشہ نمبر (۱) ۔	[illegible]
نقشہ نمبر (۲) ۔	[illegible]
نقشہ نمبر (۳) ۔	[illegible]
میزان ۔	[illegible]

نقشہ نمبر (۱)

موجودہ حالت: تعداد مدرسین مع شرح تنخواہ — شرح تنخواہ	تعداد	مجموعی تنخواہ ماہانہ	مجموعی تنخواہ سالانہ	تجویز جدید: تعداد مدرسین مع شرح تنخواہ — شرح تنخواہ	تعداد	مجموعی تنخواہ ماہانہ	مجموعی تنخواہ سالانہ	کیفیت
[illegible]	۱	[illegible]		[illegible]	۵	[illegible]		
[illegible]	۱	[illegible]		[illegible]	۱۰	[illegible]		
[illegible]	۴	[illegible]		[illegible]	۳۰	[illegible]		
[illegible]	۱	[illegible]		[illegible]	۴۵	[illegible]		
[illegible]	۶	[illegible]						
[illegible]	۸	[illegible]						
[illegible]	۴	[illegible]						
[illegible]	۳	[illegible]						
[illegible]	۳۷	[illegible]						
[illegible]	۵	[illegible]						
[illegible]	۱۲	[illegible]						
[illegible]	۶	[illegible]						
[illegible]	۱	[illegible]						
[illegible]	۱	[illegible]						
میزان	۹۰	[illegible]	[illegible]		۹۰	[illegible]	[illegible]	[illegible]

نوٹ کل مدرسین مفصلات کی تعداد ۱۰۴ ہے ۔ جنکی مجموعی تنخواہ ماہانہ [illegible] ہے ۔ منجملہ انکے ۶ معلم قرآن شریف ہین جنکی مجموعی تنخواہ ماہانہ [illegible] ہے اور ۸ معاون مدرس ہین انکی تنخواہ ماہانہ [illegible] ہے ۔ کل [illegible] چونکہ یہ ۱۴ مدرس بالفعل بدستور موجودہ تنخواہ پاینگے ۔ اسلئے ان مدرسون کی تعداد اور رقم تنخواہ منہا کرکے مقابلہ کے لئے [illegible] سے نقشہ مرتب کیا گیا ۔

نقشہ نمبر (۲)، مدارس شہر (۱۰)

موجودہ حالت: قسم مدرس مع تعداد	موجودہ حالت: کل تنخواہ ماہانہ	موجودہ حالت: تنخواہ سالانہ	تجویز جدید: قسم مدرس	تجویز جدید: شرح تنخواہ	تجویز جدید: کل رقم ماہانہ	تجویز جدید: کل رقم سالانہ	تجویز جدید: [illegible]	کیفیت
اول ۱۰	[illegible]		اول	[illegible]	[illegible]			ان مدرسین کی تنخواہ میں اضافہ اس لیے تجویز کیا گیا کہ علاوہ دو قرآن شریف کی [illegible] تعلیم [illegible] سپرد کی جائیگی۔
دوم ۱۰	[illegible]		دوم	[illegible]	[illegible]			
معلم قرآن شریف ۱۰	[illegible]		معلم قرآن شریف	[illegible]	[illegible]			
میزان	[illegible]	[illegible]	میزان		[illegible]	[illegible]	[illegible]	
			مدرسین انگریزی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
			وظائف	فی مدرسہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
			فرش و فرنیچر			[illegible]	[illegible]	
			کل میزان بیشی				[illegible]	

نقشہ نمبر (۳) تجویز جدید

قسم	نام عہدہ مدرس و حصر شدہ	تعداد	تنخواہ	ماہانہ رقم	سالانہ رقم	کیفیت
ٹریننگ کلاس اردو مڈل اسکول آمین	ماسٹر ۱	۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
	وظائف طلبا ٹریننگ کلاس	۸	فی [illegible]	[illegible]	[illegible]	ٹریننگ کلاس کے طلبا کو وظائف اس شرط پر دیے جائینگے کہ بعد تعلیم مدارس میں ملازمت کے پابند ہونگے اور ٹریننگ میں فی کس [illegible] بجائے اُسکے یہاں [illegible] رکھا گیا ہے۔
انگریزی مدرس اردو مڈل اسکول آمین		۱	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
					[illegible]	

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تنزل

۱۵ اگست ۱۹۲۵ء

کاغذات شکایتی محمود شاہ خان سب انسپکٹر دوم کوتوالی شاہرہ وارسے پایا کہ رکھنا ایک بندوق دونالی کارتوسی بلا لائسنس بہ قبضہ خود و کرنیکی بات چیت فروختگی از چھمن میاں لائسنسدار دیدیگر بندوق چھمن میاں کو معلوم ہو جانا چھمن میاں مذکور کو نسبت ہونے لائسنس بندوق پہونچ بلا اندراج سرکار واپس ہو جانے بندوق اسی بنیاد پر۔ و دریافت پر سب انسپکٹر مذکور کا اپنی ملکیت نہ ظاہر کرنا بلکہ ملکیت مسٹر ڈکار صاحب سکنہ ضلع غیر جنکا پتہ نہیں بتایا ظاہر کرنا اور بضرورت گشت اُنسے مستعار لینا اور کچھ دنوں رکھکر واپس کر دینا ظاہر کیا۔ دتجویز صاحب سپرنٹنڈنٹ بابت تنزل ایک درجہ ۳۰ روپیہ ماہوار سب انسپکٹر مذکور برائے تین ماہ و پانے ۲۵ بعہدہ ہیڈ کانسٹبل درجہ اول تین ماہ تک بقصور رکھنے ناجائز بندوق

حکم

نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ملاحظہ ہوا۔ حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس محمود شاہ خان سب انسپکٹر شاہرہ وار تیس روپیہ ماہوار کا ایک درجہ ۲۵ ماہوار تین ماہ کے لئے تنزل کیا جائے۔ تین ماہ تک ۲۵ روپیہ ماہوار پائے۔ تین ماہ کے لئے کسی ہیڈ کانسٹبل کے سب انسپکٹر بنانیکی ضرورت نہیں ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر حاکم صاحب صدر در بارہ علیحدگی از اہلمدی محافظ خانہ صدر سے اختر حسین بسبب حصول تعلیم و تقرری بجائے سید شان حسین عوض و چچا نامبردہ

حکم

با نتظام سابقہ چھ ماہ کی مزید رخصت منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

جرمانہ

۱۹ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس در بارہ شکایت شمبھو دیال ہیڈ کانسٹبل شاہرہ وار ۲۵ بابتہ نہ کرنے تحقیقات جال چلن امیر علیخان اُمیدوار سکن پر جاکر کرنے چوکی چوک مین گوا ان کو بلاکر باوجودیکہ بابو شمس الدین سب انسپکٹر کی اسی قسم کی غلطی پر احکام ہدایتی جاری ہوچکے تھے معلوم ہوئے امیر علیخان کا نام اصل نہ ہے دیگر زبانی نامبردہ بجرم ۴۲۰ جنگی برخاستگی کا حکم علیحدہ جاری کیا گیا۔ و تجویز صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نسبت تنزل شمبھو دیال ہیڈ کانسٹبل۔

حکم

یہ کاغذات پیش ہوئی۔ نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مورخہ ۱۰ اگست سنہ حال ملاحظہ ہوا۔ ان کاغذات میں شمبھو دیال ہیڈ کانسٹبل کا صرف یہ قصور ہے کہ باوجودیکہ بابو شمس الدین سب انسپکٹر کی غلطی پر ہدایتی احکام جاری ہوئے تھے لیکن شمبھو دیال ہیڈ کانسٹبل نے اُمیدوار کے مسکن پر جاکر تحقیقات جال چلن نہیں کی لہذا اس قصور میں ہیڈ کانسٹبل مذکور پر اس مرتبہ پانچ روپیہ جرمانہ کیا جائے اور ہدایت آیندہ سخت متنبہ کیا جاوے کہ آیندہ اس قسم کی غلطی ملاحظہ ہوئی تو سخت حکم دیا جائیگا احکام اجرا ہوکر اصل کاغذات بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ارسال ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اگست ۱۹۲۵ء

مثبتہ درخواست چھمن لال اہلمد فوجداری ضلع صدر و صاحب چیف مجسٹریٹ دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ بوجہ علالت و انتظام کام بدین تفصیل کہ رخصتی کا کام نوار رسول اہلمد انجام دے اور بجائے نوار رسول مشتاق علی خان اہلمد کام کرے۔ اور رشید حسن بیگ اہلمدی کام میں مدد کریگا۔

حکم

رخصت یکماہ چھمن لال اہلمد فوجداری ضلع کی حسب سفارش صاحب چیف مجسٹریٹ منظور ہے۔ کام کا انتظام حسب تجویز صاحب مجسٹریٹ

مذکور رہیگا - احکام ضابطہ جاری ہون -
دستخط فارصاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ / اگست سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ دربارہ منظوری مزید یکماہ بابو تارا چند اڈیٹر تعمیرات بوجہ علالت بانتظام سابقہ

حکم

حسب سفارش ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ رخصت مزید رعایتی ایک ماہ بابو تارا چند اڈیٹر بانتظام سابقہ منظور ہے بغرض اجراے احکام صدر کو مرسل ہو -
دستخط صاحب فائننشل سکرٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے - اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اُٹھائیے - خود ہی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے -

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے - جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے - قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف - ۱۲ر ہی

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے - اسمین خداوند عالم کے وجود اُسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱۲ر ہی

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہے - جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول - صر ہی

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منعرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین ارسال فرمائیے
ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۱۲ لغایت ۱۸ اگست ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر عدالت تعداد خط	صدر عدالت افزودی	تحصیل بلاسپور تعداد خط	تحصیل بلاسپور افزودی	تحصیل سوار تعداد خط	تحصیل سوار افزودی	تحصیل شاہ آباد تعداد خط	تحصیل شاہ آباد افزودی	تحصیل ملک تعداد خط	تحصیل ملک افزودی	تحصیل ٹانڈہ تعداد خط	تحصیل ٹانڈہ افزودی
۱۲ اگست ۱۹۲۵ء یوم چہار شنبہ	۲ ½	۴۷۳ ½	۵	۴۷۳	۹	۳۹۸	۸	۴۶۴	۴	۴۷۲	۱۰	۵۲۲
۱۳ ء ء ء پنجشنبہ	۰	۴۷۳ ½	۰	۴۷۳	۲ ½	۴۰۰ ½	۰	۴۶۴	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۱۴ ء ء ء جمعہ	۰	۴۷۳ ½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰ ½	۰	۴۶۴	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۱۵ ء ء ء شنبہ	۰	۴۷۳ ½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰ ½	۰	۴۶۴	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۱۶ ء ء ء یکشنبہ	۰	۴۷۳ ½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰ ½	۰	۴۶۴		۴۷۲	۰	۵۲۲
۱۷ ء ء ء دوشنبہ	۰	۴۷۳ ½	۰	۴۷۳		۴۰۰ ½	۰	۴۶۴	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲
۱۸ ء ء ء سہ شنبہ	۰	۴۷۳ ½	۰	۴۷۳	۰	۴۰۰ ½	۰	۴۶۴	۰	۴۷۲	۰	۵۲۲

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۹ لغایت ۲۳ اگست ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵۰ر۱۰ار			۷ار		۱۰ار	
نخود خالص	۸ار			۹ار		۸ار	
نخود آمیز	۵ار			۶ار		۵ار	
[illegible]	۰۸ار			۷ار		۰۸ار	
باسمتی	۷ار			۶ار		۶ار	
جوار	۶ار			۰		۵ار	
مکا	۰			۰		۰	
جئی	۱۰ار			۱۰ار		۱۱ار	
گوجئی	۰۷ار			۸۰ار		۸ار	
مسور	۰			۰۹ار		۷ار	
ارہر	۰۹ار			۱۰ار		۱۰ار	
برنج	۷ار			۷۰ار		۴۰ار	
روغن زرد	۷ چھٹانک			۰ار		۰ار	
روغن سیاہ	۱ر۱ار			۱ار		۱ار	
روغن کنجد	۱ر۱ار			۲ار		۱ار	
نمک سانبھر	۱۳ار			۱۱۰ار		۱۱ار	
نمک لاہوری	۶ار			۵ار		۷ار	
قند سیاہ	۳۰ار			۳۰ار		۴ار	
باجرہ	۶ار			۰		۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور